ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(142)

مورخہ 13.03.24

بہاول پور(   )ڈی پی اوسید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ قائم پور پولیس کی چور گینگ کے خلاف کامیاب کارروائی، چوری وسرقہ بالجبر کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار۔لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹر سائیکل،مال مویشی واسلحہ ناجائز برآمد۔عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائیت کے مستحق نہیں،ڈی پی اوسید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ قائم پور پولیس نے ایس ڈی پی او سرکل حاصل پور جام سلیم اختر کی قیادت میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور مئثر موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر چوری وسرقہ بالجبر کی متعدد وارداتوں میں ملوث پانچ ملزمان کو وارداتوں میں استعمال ہونے والے اسلحہ ناجائز سمیت گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیتی 13 عدد موٹر سائیکل اور 23 لاکھ روپے سے زائد مالیتی مال مویشی برآمد کرلیا۔ گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے،جلدان کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کرلیا جائے گا۔ برآمد شدہ موٹر سائیکل ودیگر مال مسروقہ ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کئے جارہے ہیں۔ڈی پی اوسید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ گرفتار ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے پولیس تمام شواہد اور دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا۔ ڈی پی اوسید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر تھانہ قائم پور پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈی پی اوسید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ قائم پور پولیس کی چوری وسرقہ بالجبر کی متعدد وارداتوں میں ملوث گینگ کے خلاف کامیاب کارروائی،ملزمان گرفتار،لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ موٹر سائیکل،مال مویشی واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (141)

مورخہ 13.03.24

بہاول پور (   ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو رمضان المبارک میں سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے احکامات جاری کر دیئے۔ضلع بھر کی مساجد، امام بارگاہوں، مذہبی عبادتگاہوں، رمضان بازار اور افطار دستر خوانوں پر سکیورٹی کو ہائی الرٹ رکھیں، غفلت ولا پرواہی برداشت نہیں کی جائے گی ،، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں مساجد، امام بارگاہوں، رمضان بازار اور افطار دستر خواں کی حفاظت کے لئے انتظامات کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے احکامات جاری کر دیئے۔ ضلع میں 472 مساجد و امام بارگاہوں پر 2100 سے زائد پولیس آفیسران و جوان سکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں ۔حکومت پنجاب کی طرف سے ضلع بھر میں قائم کردہ رمضان بازاروں اور افطار دستر خواں پر عوام الناس کی حفاظت کے پیش نظر ڈیوٹی کو یقینی بنائیں ۔ایس ایچ اوز احترام رمضان المبارک آرڈیننس اور حکومت پنجاب کی ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں ۔رمضان المبارک کے دوران ایلیٹ فورس، ڈولفن اسکوارڈ اور محافظ اسکارڈ اپنی گشت نماز کے اوقات میں مساجد اور امام بارگاہوں کے اردگرد رکھیں ۔خاص طور پر نماز تراویح ،نماز فجر اور جمعتہ المبارک کے اوقات میں مساجد کے اردگرد کڑی نگاہ رکھیں گے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اپنے اپنے علاقہ میں مساجد/امام بارگاہوں کی انتظامیہ کو اور ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو ڈیوٹی کی حساسیت بارے بریف کریں۔ جملہ ایس ایچ اوز نماز پنجگانہ، تراویح اور جمع المبارک کے اجتماعات کے وقت اپنے اپنے تھانوں کی حدود میں متعین نفری کو چیک کر کے اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ڈیوٹی پر موجود افسران و جوان وقت مقررہ پر پہنچ چکا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کے دوران ضلع بھر میں اہم عمارات، حساس تنصیبات، شاپنگ سنٹرز، ہوٹلز اور بس اسٹینڈ پر سکیورٹی کے انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ضلع بھر کی ڈیوٹی کو مانیٹر کرنے اور کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لئے کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو رمضان المبارک میں سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے متعدد احکامات جاری کر دیئے